کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن ارکان نے آئندہ مالی سال کے صوبائی بجٹ کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دیہی علاقوں کو ترقی سے محروم رکھا گیا ہے، بجٹ میں نان ڈویلپمنٹ بجٹ پر کٹ ہونا چاہیے تھا جبکہ حکومتی ارکان نے کہا ہے کہ صوبے میں پہلی مرتبہ سرپلس بجٹ پیش کیا گیا ہے، یکم جولائی سے ٹینڈرنگ کا عمل شروع اور ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کیا جائے گا، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو نصف گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے رکن میر اسداللہ بلوچ نے کہا کہ پی ایس ڈی پی میں وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کی گئی ہے، پی ایس ڈی پی صرف گوادر کی سیوریج لائنوں کے لئے ناکافی ہے، انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کے ذمہ صوبے کے 58 بلین روپے واجب الادا ہیں، وزیر اعلیٰ مذکورہ رقم وفاق سے لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے میں 80 کے قریب اسامیاں مشتہر کی گئی ہیں جن پر لاہور میں تعیناتیاں ہوں گی، انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ وہ اس حوالے سے رولنگ دیں کہ تعیناتیوں میں مقامی افراد کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ چھپ کر بنایا گیا۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ صوبے میں پہلی مرتبہ سرپلس بجٹ پیش کیا گیا ہے، یکم جولائی سے ٹینڈرنگ کا عمل شروع اور ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شعبان میں لوگوں کے شناختی کارڈ چیک کرکے انہیں ایک جگہ جمع کیا گیا حالانکہ صوبے کی روایات کے مطابق مہمانوں کی حفاظت کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹاورز اڑانے والے کیا بلوچستان کے خیر خواہ ہیں، سڑک کی تعمیر میں بھتہ نہ ملنے پر ٹھیکیدار کی مشینری جلا دی جاتی ہے، عورتوں اور بچوں کو بھی معاف نہیں کیا جاتا ایسے لوگوں کا سوشل بائیکاٹ کیا جائے، انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم کے وہ منصوبے جو پی ایس ڈی پی میں شامل نہیں کیے گئے میری استدعا ہے کہ ان کو بھی شامل کیا جائے۔ صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے متوازن بجٹ پیش کیا، انہوں نے کہا کہ 2008 سے پہلے کی حکومتوں کے پاس تنخواہ ادا کرنے کے لئے پیسے نہیں ہوا کرتے تھے، خصوصی گرانٹ کے ذریعے بجٹ بنائے جاتے تھے مگر آج 955 ارب روپے کا بجٹ پیش کیا گیا جو این ایف سی ایوارڈ کی بدولت ممکن ہوا۔

# منشیات کا زہر نوجوان نسل کو تباہ کر رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

ہر سال 5 لاکھ افراد اس لعنت میں مبتلا ہو رہے ہیں، عالمی دن پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بخت محمد کاکڑ نے عالمی یوم انسداد منشیات پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ منشیات وہ زہر قاتل ہے جو ہماری نوجوان نسل کو نہ صرف تباہ کر رہا ہے بلکہ ان کے مستقبل کو بھی بری طرح سے متاثر کر رہا ہے اس لعنت سے نمٹنے کیلئے سخت قوانین کا نفاذ کرنا، سوشل سرگرمیاں بڑھانا اور کھیل کو فروغ دینا ہوگا صوبائی وزیر نے حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ایک کروڑ افراد اس لعنت کی میں مبتلا ہیں جن میں ہر سال پانچ لاکھ افراد کا اضافہ ہو رہا ہے حکومت منشیات سے پاک ماحول پیدا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# وزراء کیساتھ مذاکرات کامیاب، لیبر عوامی موومنٹ نے احتجاج مؤخر کر دیا

واسا، کیو ڈی اے، بی ڈی اے، کوئٹہ میونسپل کارپوریشن اور لیڈا جیسی اتھارٹیز کے ملازمین کی تنخواہیں بجٹ میں رکھی جائیں

محکمہ بی ڈی اے کے 612 ملازمین کو سابقہ حکومت نے ریگولر کرنیکی منظوری دی تھی احکامات جاری کیے جائیں، ایجنڈا پوائنٹس

ایجنڈا پوائنٹس پر وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرکے مزدوروں کے تمام جائز مسائل حل کرائیں گے، غلام رسول عمرانی، لیاقت لہڑی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر صوبائی مشیر لیبر بابا غلام رسول عمرانی، صوبائی پارلیمانی سیکریٹری ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت لہڑی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد انور کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں لیبر عوامی موومنٹ کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، خان زمان، محمد حسن بلوچ، عبدالباقی لہڑی، محمد قاسم کاکڑ، محمد یار علیزئی، محمد عمر جنگ، عابد بٹ اور عطاء اللہ بلوچ کے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

درمیان وزیر اعلیٰ بلوچستان کو مزدوروں کے مسائل پر دیئے گئے ایجنڈا پوائنٹس جس میں واسا، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی، بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی، کوئٹہ میونسپل کارپوریشن اور لیڈا جیسے اتھارٹیز کے ملازمین کی تنخواہیں بجٹ میں رکھی جائے اور ان اتھارٹیز کی آمدن کو حکومت بلوچستان کے آمدن میں شمار کیا جائے تاکہ آئے روز ملازمین ہاکی چوک، ایدھی چوک، جی پی او چوک اور دیگر شاہراہوں پر اپنی تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے مظاہرے نہ کرے، محکمہ بی ڈی اے کے 612 ملازمین کو سابقہ صوبائی حکومت نے ریگولر کرنیکی منظوری دی تھی۔ ان ملازمین کو ریگولر کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں، کوئٹہ میونسپل کارپوریشن کا سالانہ خرچہ 01 ارب 80 کروڑ روپے ہے اس میں مہنگائی کے حساب سے مزید اضافہ کرکے آفیسروں، اہلکاروں، ان کی گاڑیوں اور مشینری سے شہر کی صفائی ستھرائی اور دیگر کام لے جائیں اور صفائی ستھرائی وغیرہ کا کام ٹھیکیداروں کے سپرد کرنے کا

سلسلہ ترک کرکے کرپشن کا خاتمہ کیا جائے، محکمہ ایری گیشن کے صوبائی وزیر محمد صادق عمرانی نے فوت شدہ ملازمین کے لواحقین کے بچوں کو صاف، شفاف اور میرٹ پر ملازمتیں دے کر آنجناب کے وژن اور پارٹی کے منشور اور فیصلوں پر عمل کیا ہے اور تمام مزدوران کے اس عمل کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اسی لیے باقی ماندہ محکموں میں بھی اسی طرز پر ملازمین کے بچوں کو ملازمتیں دی جائیں۔ اور محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں 4000 خالی پوسٹوں کو ختم کرنے سے پہلے ان پوسٹوں پر لواحقین اور ملازمین کے بچوں کی بھرتیاں کی جائیں، ورکرز ویلفیئر فنڈ سے تمام ضلعوں جہاں جہاں سرکاری سکول موجود نہیں وہاں ورکروں کے بچوں کو پرائیویٹ سکولوں میں داخلے کیلئے وظائف دینے کا بندوبست کیا جائے تاکہ پسے ہوئے طبقات کے غریب بچے بھی پڑھ لکھ کر صوبے کا اثاثہ بن سکے

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 19


# لیویز فورس اضافہ، سیف سٹی منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، کمشنر قلات ڈویژن

## آفیسرز اور جوانوں کی حوصلہ افزائی، اعتماد کو بڑھایا جائے تاکہ جائز مسائل سے متعلق دفاتر آنے میں انہیں جھجک محسوس نہ ہو

**اراضیات کے ریکارڈ میں درستگی کو مقدم شفافیت کو ہرصورت میں برقرار رکھا جائے شہریوں کی شکایات کا ازالہ ناگزیر اجلاس سے خطاب**

خضدار (خ ن) کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی کی زیر صدارت منگل کے روز ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژنل اضلاع میں امن وامان اور لینڈ ریونیو سے متعلق مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خضدار محمد عارف خان زرکون ڈپٹی کمشنر سوراب نجیب اللہ ترین ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن نظام رحیم بلوچ موجود تھے۔ جب کہ ڈپٹی کمشنر آواران انجینئر عائشہ زہری ڈپٹی کمشنر حب......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

روحانہ کاکڑ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ اور دیگر اضلاع کے نمائندہ آفیسرز بذریعہ ویڈیو لنک کے ذریعیا جلاس میں شرکت کی۔ اس سے قبل کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم بازئی کو امن وامان اور لینڈ ریونیو کے حوالے سے ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اپنے اضلاع سے متعلق بریفنگ دی اور موجودہ صورتحال اور کیئے گئے اقدامات و مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق آگاہ کیا۔ اس موقع کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی نے ڈپٹی کمشنرز کو خصوصی ہدایت بھی دیں۔ کمشنر قلات ڈویژن نے کہا کہ امن وسلامتی کے لیئے تمام اضلاع میں سنجیدہ اور ذمہ دارانہ انداز میں اقدامات عمل میں لانے جائیں لیویز فورس کے مستعد کاروان کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جائے سیف سیٹی منصوبوں پر عملدرآمد اور ان کی جلد تکمیل انسٹالیشن منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، ایف آئی آر تفتیشی نظام میں بہتری لائی جائے اور خصوصی طور پر جوڈیشری و مجسٹریٹ جیسے ماہرین کی رائے لی جائے

# کوئٹہ انتظامیہ کی کارروائی، ستائیس نانبائی گرفتار، 13 تندوروں کو سیل

## سرکاری نرخنامے اور مقررہ وزن کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کے خصوصی ہدایت پر کوئٹہ کے مختلف مقامات پر سرکاری نرخنامے کے خلاف ورزی کرنے والے نانبائیوں کے خلاف کاروائیاں جاری۔ ضلعی انتظامیہ کے مختلف ٹیموں نے کوئٹہ کے مختلف مقامات جس میں قمبرانی روڈ ہزارگنجی کچلاک بازار بلیلی سمنگلی روڈ نواں کلی عالمو چوک کلی گل محمد سریاب روڈ یونیورسٹی روڈ سیٹلائٹ ٹاون گوالمنڈی چوک پرنس روڈ میکانگی روڈ پر 117.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

تندوروں کا دورہ کیا۔ تندوروں پر قیمتوں اور وزن کا جائزہ لیا اس دوران سرکاری نرخنامے کے خلاف ورزی اور وزن میں کمی کرنے پر 27 نانبائیوں کو گرفتار کر کے جیل بھجوا دیے اور 13 تندوروں کو سیل کر دیے۔ اسسٹنٹ کمشنر) کچلاک (فلائٹ لیفٹیننٹ) ر (خالد شمس نے کچلاک بازار بلیلی اور سمنگلی میں کاروائیاں کیے۔ اسسٹنٹ کمشنر) صدر (کیپٹن) ر (حمزہ انجم نے سب ڈویژن صدر کے مختلف علاقوں جس میں نواں کلی عالموں چوک گل محمد کلی میں کاروائیاں کیے۔ اسسٹنٹ کمشنر) سریاب (ماریہ شمعون نے سریاب روڈ سریاب لنک روڈ یونیورسٹی روڈ پر کاروائیاں کیے۔ مجسٹریت عبدالحمید نے سیٹلائٹ ٹاون میں کاروائی کیے مجسٹریٹ خادم حسین کھوسہ نے ہزارگنجی اور قمبرانی روڈ میں کاروائیاں کیے۔ مجسٹریٹ سیف اللہ کاکڑ نے عالموں چوک اور گردنواح میں کاروائیاں کیے۔


Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 20


## بلوچستان اسمبلی: مسودہ قانون 2024 منظور

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں مالی مسودہ قانون 2024 منظور کرلیا گیا بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان مالیاتی مسودہ قانون مصدرہ 2024 ایوان میں پیش کیا جسے ایوان نے منظور کرلیا۔

## قلعہ عبداللہ میں چوتھا کیس، کوئٹہ بلاک میں پولیو خاتمے کی کوششیں تیز

**ہر قسم کے چیلنجز سے نمٹنا اور بچوں تک حفاظتی قطروں کی رسائی ممکن بنانی ہوگی، کمشنر کوئٹہ کا خطاب**

کوئٹہ (خ ن) قلعہ عبداللہ میں پولیو کے حالیہ چوتھے کیس کے بعد کوئٹہ بلاک میں پولیو کے خاتمے کی کوششیں تیز کردی گئیں، اس سلسلے میں گزشتہ روز پولیو کے مسلسل خطرے سے نمٹنے کے لئے پروانشل ایمرجنسی آپریشن سینٹر میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے نمائندے کرسٹوفر جے الیاس، ریحان حفیظ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات اور کوئٹہ ڈویژن کے عہدیداران شامل تھے۔ ڈاکٹر فرحان انجم نے کوئٹہ بلاک میں پولیو کی مجموعی صورتحال اور ٹیموں کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر کوئٹہ بلاک میں پولیو کے حالیہ کیسز اور خطے میں پولیو کے سدباب کے لئے آگے بڑھنے کے راستوں پر تبادلہ خیال کیا گیا جس کا مقصد پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں رکاوٹ بننے والے مسائل کی نشاندہی اور ان کو دور کرنا تھا، جس میں ویکسی نیشن کی کوریج کو بڑھانے اور حفاظتی ٹیکوں کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات نے کہا کہ کوئٹہ بلاک میں پولیو کی صورتحال پر قابو پانے کے لئے ہر قسم کے چیلنجز سے نمٹنا ہوگا، تمام بچوں تک حفاظتی قطروں کی رسائی کو ممکن بنانے کے ساتھ مانیٹرنگ کے نظام کو بھی بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی بچہ بھی حفاظتی قطرے سے محروم نہ رہے۔

## سوئی میں طوفانی بارش سے 2 افراد جاں بحق 20 زخمی

کوئٹہ (این این آئی) تحصیل سوئی میں طوفان بارش نے تباہی مچادی جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق 20 افراد زخمی جبکہ متعدد مکانات کی چھتیں، چاردیواریاں بھی منہدم ہوئیں اور بجلی کے کھمبوں کو بھی نقصان پہنچا جس سے بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا طوفانی بارش کے دوران مقامی جامع مسجد کا مینار بھی گر گیا، محکمہ پی ڈی ایم اے اور ریسکیو ٹیموں نے ریسکیو آپریشن شروع کردیا۔

## مچ جیل کی بجلی بحال نہ ہوسکی

کوئٹہ (آن لائن) 24 گھنٹے بعد بھی مچ جیل کی بجلی بحال نہ ہوسکی، قیدیوں کو ہیٹ اسٹروک کا خطرہ بجلی نہ ہونے سے رات کو جیل کے سی سی ٹی وی کیمرے کام نہیں کررہے۔ سپرنٹنڈنٹ جیل نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو مراسلہ ارسال کردیا۔

## ایف سی بلوچستان نارتھ کا تعلیمی شعبے میں خدمات کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (خ ن) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے صوبہ بلوچستان کے تعلیمی شعبے میں خدمات کا سلسلہ جاری ہے۔ شمالی بلوچستان میں ایف سی کے 53 اسکولز و کالجز اور 29 فری اسکولز میں 15000 سے زائد طلباء و طالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا جارہا ہے۔ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے پچھلے چار سالوں کے دوران تعلیمی ضروریات پوری کرنے کیلئے 539 ملین کی مالی امداد فراہم کی گئی۔ ضرورت مند اور ذہین طلباء کو سالانہ 17 ملین سے زائد کے سکالرشپس، 1000 سے زائد مقامی افراد کو باعزت روزگار اور سالانہ 13 ملین کی لاگت سے E-Learning کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ بلوچستان کے مقامی عمائدین، ایف سی اسکولز میں پڑھنے والے طلباء و طالبات اور ان کے والدین نے ایف سی کی جانب سے مہیا کی جانے والی تعلیمی خدمات کو سراہا ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 27 JUN 2024 Page No. 23

## لاپتہ طالبعلم کی بازیابی کیلئے دی گئی ڈیڈلائن ختم، مکران کوسٹل ہائی وے بلاک

### احتجاج کے باعث مکران کا کراچی سے زمینی رابطہ منقطع، بہادر بشیر کی بازیابی تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

پسنی (نامہ نگار) پسنی سے لاپتہ طالب علم بہادر بشیر اور انتظامیہ کے درمیان مذاکرات کا ڈیڈلائن ختم زیرو پوائنٹ پر مکران کوسٹل ہائی وے کو ایک مرتبہ پھر بند کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق 23 جون کی شام لاپتہ ہونے والے کراچی یونیورسٹی کے طالب علم اور پسنی کے رہائشی بہادر بشیر کے لواحقین جنہوں نے ان کی بازیابی کیلئے دو دن قبل مکران کوسٹل ہائی وے کو بلاک کر دیا تھا جبکہ انتظامیہ اور فیملی کے مابین

بقیہ نمبر12 صفحہ5 پر

مذاکرات کی گئی جن سے ان کی بازیابی کیلئے دو دن کا وقت لیا گیا تھا اور احتجاج دو دن کے لیے موخر کر دیا گیا، آج ڈیڈلائن ختم ہونے کے بعد بہادر بشیر کے لواحقین نے ایک مرتبہ پھر پسنی زیرو پوائنٹ کے مقام پر مکران کوسٹل ہائی وے کو احتجاجاً بند کر دیا ہے، جس سے مکران کا زمینی رابطہ کراچی سے منقطع ہو گیا ہے، مظاہرین کا کہنا ہے کہ جب تک بہادر بشیر کو بازیاب نہیں کیا جاتا ہم کوسٹل ہائی وے پر دھرنے پر بیٹھے گے، انہوں نے کہا کہ اگر اس نے کوئی قصور کیا ہے تو اسے عدالت میں پیش کیا جائے واضح رہے کہ مکران کوسٹل ہائی وے بند ہونے سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہے اور لوگوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے جبکہ دوسری طرف مظاہرین کے ساتھ ابھی تک انتظامیہ سمیت کوئی بھی ٹیم مذاکرات کے لیے نہیں پہنچی ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 2 5

# لورالائی سپیرہ راغہ روڈ منصوبہ نامکمل

## عوام کیلئے وبال جان، خورد برد کا پلان ہے

**16 سال سے زیر تعمیر شاہراہ صد سالہ منصوبہ بن گیا کروڑوں خرچ پیکج ٹو میں بھی پرانے بڑے بڑے 58 پل توڑ کر پرانے پلوں کا دو سوٹن سریا غائب کر دیا گیا**

**سڑک کنارے باغات دھول مٹی سے تباہ و برباد ہوگئے روڈ کی تعمیر سے گھنٹوں کا سفر مختصر تیل کی بچت ہوگی حکومت فوری طور پر معیاری کام کو پایہ تکمیل تک پہنچائے اہل علاقہ**

لورالائی (نمائندہ خصوصی) لورالائی سپیرہ راغہ روڈ عوام کے لیے صد سالہ منصوبہ بن گیا روڈ بنا علاقہ کی عوام کے لیے وبال جان بن گیا روڈ کے نزدیک فروٹ کے باغات دھول اور مٹی سے تباہی و برباد ہو گئے ہیں روڈ کی تعمیر شروع ہوئے 16 سال کا عرصہ گزر گیا ہے بل بھی تقریبا وصول ہو چکے ہیں ہر ماہ جون میں رقم نکالنے کے لیے تھوڑا کسم اسٹارٹ کیا جاتا ہے اس روڈ کی تعمیر سے عوام الناس کو سفر کرنے میں گھنٹوں کے ساتھ تیل کی بھی بچت ہوگی فوری طور پر روڈ کے کام کو مکمل کیا جائے روڈ پر ناقص کام اور کروڑوں روپے کے پرانے سریوں کو فروخت کر کے گھپلے کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لیا جائے

مطابق سپیرہ راغہ روڈ کو دو پیکج میں بنایا جا رہا ہے خانوزئی سے سور غنڈ تک پیکج ون اور چیناٹی سے سور غنڈ پیکج ٹو روڈ دو ٹھیکدار بنا رہے ہیں پی سی ون میں پل توڑنے کا ذکر ہے لیکن اس پرانا سریے کا کوئی ذکر نہیں جسکا مکمل طور پر خورد برد کرنے کا پلان ہے 2020 اور 2022 میں پی سی ون میں پرانے پل توڑ کر سریا تو نکالا گیا لیکن گراؤنڈ سے سریا غائب ہے اسی طرح پیکج ٹو میں بھی پرانے بڑے بڑے پل توڑ کر اس پر نئے پل بنا کر سریا غائب ہے پیکج ون چیناٹی سے چینجن تک 2021 اور 2022 میں دو صد ٹن سریا غائب ہے اسی طرح پیکج ٹو میں تین صد ٹن سریا غائب ہے کام اسی لئے ڈیلے کیا جا رہا ہے کہ اس میں قسم قسم کے گھپلے کئے جا رہے ہیں ایک اندازے کے مطابق پانچ سے چھ کروڑ روپے کا سر شارٹ ہے جبکہ چند ٹن سریا گراؤنڈ پر رکھ کر سرکار کے آنکھوں میں دھول ڈالنے کی کوشش ضرور کی گئی ہے اس خورد برد کے پیش نظر علاقہ مکینوں نے مزید پل توڑنے کا کام بند کروا دیا ہے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ جو پلوں سے ٹھیکیدار پرانا سریا نکال رہا ہے یا تو سریا سرکار کے پاس جمع کرے یا پھر یہ سریا نیلام کر کے رقم قومی خزانے میں جمع کرے اب ٹھیکیدار اور متعلقہ محکمہ کی ملی بھگت سے علاقے کے ملک اور دیگر علاقہ مکینوں کے خلاف ڈپٹی کمشنر لورالائی کو ایک لیٹر کے ذریعے مذکورہ ملک کے خلاف کارروائی کرنے کو کہا گیا ہے کہ اس نے کام بند کروا دیا ہے اس کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے جبکہ مذکورہ علاقہ کے ملک نے بھی روڈ بنانے میں کوتاہی اور سریے سمیت دیگر خرد برد کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ عدالت اس میں کیا کارروائی عمل میں لاتا ہے سپیرہ راغہ روڈ پر کل 123 پرانے پل ہیں جس میں تقریبا 58 پل توڑ دیئے گئے ہیں اور ان پلوں کا سریا گراؤنڈ سے غائب ہے جبکہ کچھ سریا دھول جھونکنے کے لیے گراؤنڈ پر موجود ہے جسے مرحلہ وار رات کے تاریکی میں ایک ایک ڈمپر کے ذریعے لے جایا جاتا ہے ان پلوں پر پرانے دور کے موٹے موٹے سوتر کا سریا بھی استعمال کیا گیا ہے اس روڈ پر گذشتہ پندرہ سولہ سال سے کام سست روی سے جاری ہے یہ روڈ لورالائی اور مذکورہ نزدیکی گاں کے علاوہ پشتون بیلٹ کیلئے معیشت کے حوالے سے ریڑ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے لیکن کام پر سست روی کی وجہ سے ایک تو علاقے کے زمینداروں کو کروڑوں کے روپے کا نقصان ہوا دوسری جانب ٹرانسپورٹر کو نقصان برداشت کرنا پڑا اور قومی خزانے کو سریے اور ریٹ کے آئے روز اوپر جانے سے بھی کروڑوں کا نقصان ہوا لہذا علاقے عوام نے مذکورہ ٹھیکیداروں کے خلاف کارروائی اور روڈ پر کام تیز کرنے اور اسے معیار کے مطابق تعمیر کرنے کا مطالبہ کیا ہے

MASHRIQ QUETTA

# کوئٹہ آٹے کی قیمت میں واضح کمی کے باوجود روٹی سستی نہ ہوسکی

**بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کا بہانہ بنا کر عوام کو لوٹا جا رہا ہے**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پیٹرول اور آٹے کی قیمتوں میں کمی ہونے کے باوجود روٹی سستی نہیں ہوسکی، کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں 5000 ہزار روپے سے زائد کمی ..........

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ہونے کے باوجود روٹی کی وزن کم اور قیمت زیادہ وصول کر رہے ہیں، مشرق سروے ٹیم نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں آٹے کی دکانوں کا تفصیلی سروے کیا جس میں آٹے کی پرانے اور نئے ریٹ کے متعلق آٹا ڈیلر شاپس سے پوچھا گیا جس پر انہوں نے بتایا کہ وی آئی پی آٹا 100 کلوئی بوری کی قیمت 8800 روپے جبکہ ایک سال پہلے کی قیمت 14000 روپے کم و بیش تھا

Scanned with CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 26

# معاشی بہتری کے اہداف: پالیسی کا تسلسل ناگزیر!!

ان دنوں مرکز سے صوبوں تک ہر جگہ اگلے مالی سال کے بجٹ اہداف، ترجیحات اور ملک کی معاشی مشکلات زیر بحث ہیں ہر چند کہ اس دوران سیاسی مباحث میں بھی گرمی اور تیزی آتی رہتی ہے تاہم مجموعی طور پر دیکھا جائے تو معیشت کو درپیش چیلنجز اور مصائب ومشکلات حکومت کے لئے دردسر بنے ہوئے ہیں ایسے میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال کا یہ کہنا کہ اقتصادی مسائل سے نکلنے کا واحد رستہ پالیسی کا تسلسل ہے اہمیت کا حامل نکتہ ہے جس پر غور وفکر کرنے کی ضرورت ہے حقیقت بھی یہی ہے کہ اگر ہم نے اپنے پائیدار معاشی اور ترقیاتی اہداف کو حاصل کرنا ہے تو سب سے پہلے ہمیں اپنی پالیسی میں تسلسل لانا ہوگا ایڈہاک بنیادوں پر عارضی طور پر مسائل سے نمٹنے کی خو درست نہیں احسن اقبال نے یہ بیان گزشتہ روز ایوان ہائے تجارت کے ایک سیمینار سے خطاب کے دوران دیا ہے ان کے اظہاریے کا جائزہ لینے سے قبل تذکرہ اس بات کا بھی ضروری ہے کہ موجودہ حکومت نے یہ بجٹ گوناگوں مسائل اور مشکلات کے بھنور میں رہتے ہوئے بنایا ہے اس جانب خفیف اشارہ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز اسمبلی کے فلور پر بھی کیا ہے اور کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر بجٹ بنانا حالات کا تقاضا تھا۔ وزیراعظم آئی ایم ایف پروگرام کے حوالے سے مثبت امید ظاہر کی تاہم انہوں نے قبل از وقت بیان دینے سے گریز کیا، انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کو آئی ایم ایف کی طرف سے کوئی جواب موصول ہوا تو وہ اسے پارلیمنٹ کے ساتھ شیئر کریں گے، یہ ایک حقیقت ہے کہ ہمیں آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر یہ بجٹ بنانا پڑا اور جو معروضی حالات ہیں یہ اس کا تقاضا ہے، آئی ایم ایف کا آج جواب آ گیا تو کل ایوان کو آگاہ کریں گے انہوں نے امید دلائی کہ اچھی خبریں آئیں گی اس سے اگلے روز یعنی بدھ کے دن انہوں نے قومی اسمبلی ہی میں خطاب کرتے ہوئے پی ٹی آئی کو مذاکرات کی دعوت دی ہے اور کہا ہے کہ آئیں بیٹھیں اور بات کریں۔ وزیراعظم نے مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ اگر سابق وزیراعظم کو جیل میں مشکلات ہیں تو ان کی جماعت آئے بیٹھ کر بات چیت کرے اور معاملات کو حل کرتے ہوئے ملکی استحکام میں اپنا کردار ادا کرے اگر کسی کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے تو انصاف کا پلڑا ہمیشہ بھاری رہنا چاہئے دو ہزار اٹھارہ میں میثاق معیشت کی بات کی تھی مگر میثاق معیشت کی پیشکش پر جو نعرے بلند ہوئے وہ ناقابل ذکر ہیں وزیراعظم کی اس پیشکش کے جواب میں حزب مخالف سے جو ردعمل آیا اس پر ہم کوئی تبصرہ نہیں کرتے سوائے اس کے کہ موجودہ حالات میں ہماری معیشت اور معاشرت جن گوناگوں مسائل ومشکلات اور چیلنجز میں گھری ہوئی ہے ان حالات میں تمام سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ اجتماعی شعور و بیداری اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کریں باہم مل کر ملک وقوم کی ترقی اور خوشحالی کے لئے مشترکہ لائحہ عمل طے کریں ایک دوسرے کے لئے دروازے کھلے رکھے جائیں اور ساتھ ہی وزیر منصوبہ بندی کی اس بات کو خصوصی طور پر ملحوظ خاطر رکھنے کی ضرورت ہے کہ ہمیں پالیسیوں میں تسلسل لانے کی ضرورت ہے ماضی میں بھی ہماری معیشت ڈیفالٹ کے خطرات و خدشات کا سامنا کرتی رہی ہے ہم ہر بار عارضی حل نکال کر وقتی طور پر معیشت کی کشتی کو طوفانی تھپیڑوں سے نکال لیتے ہیں کل وقتی حل ہم نے نہیں نکالا کل وقتی حل یہی ہے کہ منصوبہ بندی کریں ایک بار جو پالیسی وضع ہو اس کے بعد جو بھی حکومت آئے وہ اس کو فالو کرے پالیسیوں میں تسلسل کی اہمیت وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے گزشتہ روز تقریب کے دوران اجاگر کی ان کا کہنا تھا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے وسائل میں اضافہ ضروری ہے، پالیسیوں کا تسلسل ہی اقتصادی مسائل سے نکلنے کا واحد راستہ ہے، معاشی بہتری کے لئے حکومت اور تمام سٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا حکومت نے صنعتوں کے لئے دس روپے فی یونٹ بجلی سستی کی ہے، معاشی حالات کی بہتری سے روپے کی قدر بڑھے گی اور زرمبادلہ کے ذخائر بڑھیں گے، اب وقت ہے کہ ہم سب دس سال کا نیشنل پلان بنا کر اس پر عمل کریں، زراعت کے شعبے میں بے شمار مواقع ہیں موجودہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کی بدولت سی پیک منصوبے پر تیزی سے کام ہو رہا ہے ملک کو درپیش چیلنجوں کو سامنے رکھ کر بجٹ پیش کیا گیا ہے، ان حالات میں اس سے بہتر بجٹ پیش نہیں کیا جا سکتا تھا اگلے پانچ سال کے لیے سیاسی اور پالیسی تسلسل کو جاری رکھنا ہوگا، ہم نے پچھتر سال میں سیاسی اور پالیسی تسلسل نہ ہونے سے نقصان اٹھایا ہے حالانکہ ہم دنیا میں محنتی اور جفاکش قوم کے طور پر مشہور ہیں ہمیں غربت، بے روزگاری اور بیماریوں سمیت بڑے بڑے چیلنجز درپیش ہیں، ہمیں تعلیم، صحت، ٹیکنالوجی کے لئے سرمایہ کاری کی اشد ضرورت ہے، ہمیں آئی ایم ایف سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے ہمیں ترقی کرنے کے لئے منفی رویوں سے نکل کر مثبت رویوں کو اپنانا ہوگا یہی ان حالات کا تقاضا ہے ہمیں وزیر منصوبہ بندی کی باتوں سے پوری طرح اتفاق ہے اور عین حقیقت بھی یہی ہے کہ ماضی میں ہم نے پالیسیوں میں کوئی تسلسل رکھا ہی نہیں ایک حکومت آئی اس نے مختلف شعبوں سے متعلق اہداف وترجیحات متعین کیں چلی گئی دوسری حکومت آئی تو اس نے سابق حکومت کی پالیسی روک کر ازسرنو نئی پالیسی دی ابھی وہ پوری نہیں ہوئی کہ پھر سے حکومت کی تبدیلی یہ سب کیا ہے؟ یہ کوئی طریقہ نہیں دنیا میں وہی قومیں آج راج کر رہی ہیں جنہوں نے اپنے مسائل کے پیش نظر ایک پالیسی بنا کر اس پر کاربند رہنے کی خو اپنائی ہمیں بھی یہی کرنا ہوگا پانچ یا دس سال نہیں ہمیں مستقل طور پر معاشی اور سیاسی اہداف کا تعین کر کے ان کے حصول کے لئے ایک واضح روڈ میپ دینا ہوگا پھر جو بھی جماعت حکومت میں آئے وہ اس پر چلنے کی پابند ہو تبھی ہمارے مسائل حل ہوں گے کوئی شک نہیں کہ اس وقت ہمیں مسائل اور چیلنجز بے شمار درپیش ہیں لیکن ہم اتحاد واتفاق، یکجہتی، اجتماعی فہم وبصیرت اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک تسلسل میں چلیں ریاست کو سیاست پر ترجیح دیں اور قومی اہداف وترجیحات کو اولیت دیں تو کوئی وجہ نہیں کہ مسائل کا ہمالیہ کم ہوتے ہوتے ہمیشہ کے لئے ختم نہ ہو اور ہم پائیدار معاشی اور ترقیاتی اہداف کے حصول میں پوری طرح کامیاب وکامران نہ ہوں پس لازم ہے کہ پالیسی میں تسلسل ہو اور اس سے کوئی اغماض نہ برتیں۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 28

## بلوچستان میں پولیو مہم ورکرز کو پوری سیکورٹی فراہم کی جارہی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پولیو ۔۔۔ بسامیٹ بورڈ کے سربراہ اور بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے گلوبل ڈویلپمنٹ ڈویژن کے صدر ڈاکٹر کرسٹوفر الیاس کی قیادت میں نمائندہ وفد ۔۔۔ نے ملاقات کی اور بلوچستان میں انسداد پولیو مہم سے متعلق تبادلہ خیال کیا ملاقات کے دوران صوبے میں انسداد پولیو مہم کو مربوط بنانے پر اتفا ۔۔۔ یا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو پولیو سے پاک کرنے کے لئے پرعزم ہیں عالمی شراکت داروں اور قومی اداروں کے ساتھ ۔۔۔ کر صوبے سے پولیو کے خاتمے کے لئے کوششوں کو بارآور بنایا جائے گا بلوچستان میں انسداد پولیو مہم پر متعین ورکرز کو پوری سیکورٹی فراہم کی جارہی ہے وفاقی اور صوبائی حکومتیں ضروری تکنیکی مہارت فراہم کر کے پولیو کے خاتمے کی مہم کی کامیابی کیلئے پرعزم ہیں ڈاکٹر کرسٹوفر الیاس کی قیادت میں وفد کے ارکان نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پولیو کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا اور اس مرض سے نجات کے لیے حکومتی عزم کو سراہا وفد نے حفاظتی ٹیکوں کی مہم کے دوران درپیش مسائل پر بھی روشنی ڈالی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے یقین دلایا کہ صوبے میں انسداد پولیو مہم کی ٹیموں کو درپیش مشکلات اور مسائل حل کر کے مہم کو مربوط انداز میں آگے بڑھاتے ہوئے مطلوبہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا ملاقات میں صوبائی وزیر صحت بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی اور دیگر حکام بھی موجود تھے، ملاقات کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ڈاکٹر کرسٹوفر الیاس نے سوینئر پیش کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اور ہیومنیٹرین کوآرڈینیٹر محمد یحیٰ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ یہاں ملاقات کی صوبائی حکومت اقوام متحدہ کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے تعلیم، صحت، زراعت اور فنی مہارت سمیت دیگر تمام شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ گرین گیسز کے اخراج میں عمل دخل نہ ہونے کے باوجود ہمارا سب بڑا چیلنج ماحولیاتی تبدیلی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے اساتذہ کے ٹریننگ پروگرام شروع کئے جارہے ہیں نوجوانوں کو تکنیکی تعلیم کی فراہمی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے پی پی موڈ کے تحت نوجوانوں کو تکنیکی تعلیم کی فراہمی کا خصوصی پروگرام شروع کیا ہے حکومت نے تعلیمی بجٹ میں 300 فیصد اضافہ کیا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ صحت کے بجٹ میں بھی خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گڈ گورننس کے قیام کے لیے میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جارہا ہے انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ اقوام متحدہ اساتذہ کی ٹریننگ، آبی تحفظ اور اسکل ڈویلپمنٹ میں صوبائی حکومت کو مدد فراہم کرے بلوچستان کا رقبہ بہت بڑا ہے اور اس حوالے سے اقوام متحدہ کا ترقیاتی پروگرام اہمیت کا حامل ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بہتر طرز حکمرانی اور پلاننگ سے امور احسن انداز سے رواں رکھے جائینگے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اور ہیومنیٹرین کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے وزیراعلیٰ کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ باہمی تعاون کے لیے صوبائی حکومت کی بھرپور رہنمائی ضروری ہے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر اقوام متحدہ محمد یحیٰ کو یادگاری شیلڈ بھی دی۔

Scanned with CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 29

# بلوچستان میں پولیو وائرس کا پھیلاؤ، حکومت ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے!

بلوچستان میں پولیو کا نیا کیس رپورٹ ہوگیا، رواں سال صوبے میں پولیو کے رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد 5 ہوگئی۔محکمہ صحت کے ذرائع کے مطابق بلوچستان میں پولیو کا نیا کیس قلعہ عبداللہ سے رپورٹ ہوا جہاں 18 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی۔اس سے پہلے بھی رواں سال قلعہ عبداللہ سے پولیو کا ایک کیس رپورٹ ہوچکا ہے۔نیا کیس رپورٹ ہونے کے بعد رواں سال بلوچستان میں پولیو کیسز کی تعداد 5 ہوگئی ہے،اس سے قبل رواں سال بلوچستان میں ڈیرہ بگٹی، چمن، قلعہ عبداللہ اور کوئٹہ سے پولیو کے کیسز رپورٹ ہوئے تھے۔رواں سال مجموعی طور پر پاکستان میں پولیو کا یہ چھٹا کیس ہے۔اس سے پہلے سندھ میں پولیو کا ایک کیس رپورٹ ہوا تھا۔بلوچستان سال 2022 اور 2023 میں پولیو فری صوبہ رہا تھا جبکہ اس سے قبل صوبے میں 2021 میں پولیو کا ایک کیس رپورٹ ہوا تھا۔بلوچستان میں 2020 میں پولیو کے ریکارڈ 26 کیسز رپورٹ ہوئے تھے جبکہ سال 2015 سے اب تک بلوچستان میں مجموعی طور پر پولیو کے 59 کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں۔دنیا بھر کے بیشتر ممالک پولیو فری ہوچکے ہیں مگر پاکستان اور افغانستان میں اب بھی پولیو کے کیسز رپورٹ ہورہے ہیں۔اس کی ایک بڑی وجہ افغانستان بتائی جاتی ہے جہاں سے لوگ پاکستان آتے ہوئے یہ وائرس ساتھ لاتے ہیں۔افغانستان میں پولیو سے متاثرین کی تعداد کئی زیادہ ہے لیکن حالات کی وجہ سے بہت سارے کیس رپورٹ نہیں ہوتے۔بہرحال بلوچستان اور کے پی کی سرحدوں پر پولیو وائرس کے تدارک کیلئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، یہاں ایسے پوائنٹس بنائے جائیں کہ پولیو وائرس کی منتقلی رک سکے۔گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت پولیو کے خاتمے کے لیے ٹاسک فورس کا اجلاس ہوا جس میں گیٹس فاؤنڈیشن کے سربراہ بل گیٹس نے بھی شرکت کی۔اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ وفاقی حکومت ،صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر ملک سے پولیو کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اپنے بچوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے ملک کو پولیو سے پاک کرنا ہے،حکومت ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی،ہمیں اس مسئلے سے مؤثر انداز میں نمٹنا ہے۔وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ گزشتہ 6 ماہ میں انسداد پولیو کی 6 مہمات مکمل کی گئی ہیں۔پاکستان میں گزشتہ تین سالوں میں پولیو کے خاتمے کے لیے مالی معاونت میں اضافہ ہوا،گزشتہ دو سالوں میں انسداد پولیو کے لیے مالی معاونت کا 30 فیصد حصہ گیٹس فاؤنڈیشن کا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں پولیو کے خاتمے، بنیادی صحت اور بچوں کی بہتر نشوونما میں گیٹس فاؤنڈیشن کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ بہرحال موجودہ حالات کے پیش نظر حکومت ہنگامی بنیادوں پر پولیو وائرس کے پھیلاؤ کے تدارک کیلئے اقدامات اٹھائے تاکہ پاکستان پولیو فری ممالک میں شامل ہوجائے۔والدین، علمائے کرام سمیت تمام مکاتب فکر کو بھی پولیو مہم کے حوالے سے اپنا مرکزی کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ مستقبل کے معمار عمر بھر کی معذوری سے بچ سکیں۔پولیو ویکسین کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کو زائل کرنے کیلئے بھی حکومت بھرپور طریقے سے آگاہی مہم چلائے تاکہ لوگوں میں شعور آئے اور وہ مہم میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 31

# Safeguarding wildlife

Balochistan's majestic mountains and vast deserts are home to a diverse range of wildlife, but these precious creatures are facing unprecedented threats. The recent killing of a rare leopard in the mountains of Dera Bugti is a stark reminder of the dangers that wildlife faces in the province. A group of armed villagers in Dera Bugti killed a rare leopard after finding the animal in the vicinity of Sui. The villagers after spotting the leopard chased it and killed it in its den. After killing the predator, the villagers dragged its body from the den and filmed it. Reportedly, the villagers killed the predator because it was attacking their goats. People on social media have expressed sorrow over the villagers' act of killing the rare animal. Back in April this year, a Persian leopard was found at the Nani Mandir, located in Hinglaj, a town in the Lasbela district of Balochistan province. The predator was located by a pilgrim visiting the temple inside the Hingol National Park along the Balochistan coast. This Persian leopard is locally known as "phulang" and is native to Hingol National Park. Persian leopards are panther sub-species native to Turkey, Iran, Afghanistan and the Caucasus. They are extremely rare, however, and listed by the International Union for Conservation of Nature (IUCN) as endangered. Regrettably, the unawareness amongst the people about the importance of wildlife is alarming. Many view wildlife as a threat or a mere commodity, rather than an integral part of the ecosystem. This mindset is perpetuating the decline of species and the degradation of habitats. There is a strong need that the government and concerned departments must take immediate action to protect wildlife in Balochistan. Strong implementation of wildlife protection laws is crucial, and those found guilty of harming or killing wildlife must be held accountable. Moreover, education and awareness campaigns are essential to change the mindset of the people. Communities must be engaged in conservation efforts, and alternative livelihood options must be provided to those who rely on wildlife for their income. The loss of wildlife is not only an environmental tragedy but also a cultural and economic one. Balochistan's rich biodiversity is a treasure that must be preserved for future generations. The government and people must join hands to protect the province's precious wildlife. Hopefully, the government and its concerned departments would take immediate steps for protection of wildlife and action against those who deliberately or just for fun attack or damage wildlife. It should be our collective responsibility to safeguard the future of Balochistan's incredible wildlife.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 32

# Balochistan, CPEC and Political Dynamics

The recent developments surrounding Mir Asif Ali Zardari's involvement in key responsibilities related to the country's administration, particularly in maintaining peace in Balochistan and ensuring the success of the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) project, have sparked a wave of speculations and debates. Zardari's abrupt visit to Gwadar, where he was welcomed by top officials including Interior Minister Mohsin Naqvi and Corps Commander Mr. Naseem, has raised questions about the objectives behind his visit and the subsequent announcement of an operation against terrorism in the region. Critics and keyboard warriors have pointed out the perceived failures of the Shahbaz Sharif government in its initial hundred days, citing the import of wheat despite local abundance and allegations of corruption. The shifting of important responsibilities from Sharif to Zardari and Naqvi has been viewed as a strategic move to address governance challenges and security threats in the region. The focus on tackling terrorism and stabilizing Balochistan, especially in the context of CPEC projects, underscores the urgency of the situation and the need for decisive actions. The complex dynamics of power and politics in Pakistan have often led to strategic alliances and allegiances that may seem contradictory on the surface. The participation of various political parties, including the ruling Tehreek-e-Insaf, in discussions related to CPEC and security issues highlights the importance of unity and cooperation in addressing critical national priorities.

Despite ideological differences and rivalries, the common goal of promoting peace and development appears to bridge the gaps between various stakeholders. The history of terrorism in Pakistan, dating back to the era of General Zia-ul-Haq, underscores the long-standing challenges faced by the state in combating extremism and violence. The legacy of past martial laws, constitutional amendments, and political upheavals has shaped the current security environment and the need for comprehensive strategies to address root causes of conflict. The role of political leaders such as Zardari, Sarfraz Bugti, and Mohsin Naqvi in spearheading efforts to stabilize Balochistan and counter terrorist threats reflects a collective commitment to national security and economic prosperity. The 18th Amendment and the NFC Award have been cited as significant milestones in Pakistan's constitutional history, yet the lack of a coherent socio-political agenda and economic roadmap has hampered sustained progress. The concentration of power and wealth in the hands of a privileged few has perpetuated inequalities and hindered inclusive development. The need for transparent governance, accountability, and long-term planning is crucial in overcoming systemic challenges and fostering a culture of peace and prosperity.

As Zardari takes on the task of maintaining peace in Balochistan and advancing the objectives of the CPEC project, the complexities of governance, security, and regional dynamics pose formidable obstacles. The success of these initiatives will depend on effective coordination, resource allocation, and stakeholder engagement to address multifaceted challenges. The commitment of political leaders, security forces, and civil society actors to work together towards a shared vision of a peaceful and prosperous Pakistan will be essential in overcoming entrenched issues and building a more stable future. The challenges facing the nation require a comprehensive and inclusive approach that prioritizes collaboration, transparency, and accountability. As the country navigates through complex transitions and external pressures, the role of visionary leadership and strategic partnerships will be pivotal in shaping a more resilient and prosperous future for all nation.

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024

Page No. 33


# بلوچستان کی ترقی میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا فروغ


تحریر: علی اکبر


کسی بھی ملک کی معیشت میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، جو ملک بھر میں ترقی، جدت اور روزگار فراہم کرتے ہیں۔ یہ خاص طور پر بلوچستان کے صوبے میں ایک حقیقت ہے، جہاں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار علاقائی، معاشرتی اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے عالمی دن کے سلسلے میں، ان کی اہمیت اور ان کو بہتر بنانے کی کوششوں کو اجاگر کرنا انتہائی ضروری ہے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پاکستان کی صنعتی پیداوار اور روزگار کا ایک بڑا حصہ بنتے ہیں اور جی ڈی پی، برآمدات اور غربت کے خاتمے میں نمایاں حصہ ڈالتے ہیں ایک ایسے ملک میں جہاں کی بڑی آبادی کا انحصار زراعت اور دیگر ذرائع معاش پر ہے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار، دیہی اور شہری دونوں جگہوں پر روزگار فراہم کرنے اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بلوچستان، پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ، قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور اس کی زرعی بنیاد متنوع ہے اس کے باوجود یہ صوبہ متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، جن میں اقتصادی پسماندگی، محدود بنیادی ڈھانچہ، اور سماجی و سیاسی عدم استحکام شامل ہیں اس تناظر میں، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اُمید کی ایک کرن ہیں، جو پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کے مواقع فراہم کرتے ہیں اور مقامی کاروباری افراد کی فلاح و بہبود میں حصہ ڈالتے ہیں۔

بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) بلوچستان کے دو اضلاع، خضدار اور لسبیلہ میں پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف)، یورپین یونین اور دیگر اداروں کے مالی و تیکنیکی تعاون سے لائیو اسٹاک اور زراعت کے شعبے کی ویلیو چینز میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو فروغ دینے کے لیے گراسپ پراجیکٹ پر عملدرآمد کر رہا ہے اس پراجیکٹ کا بنیادی مقصد مقامی، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی صلاحیت اور مسابقت میں اضافہ کرنا ہے، تاکہ وہ وسیع تر منڈیوں تک رسائی حاصل کر سکیں اور پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکیں۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کے فروغ کے لیے، بی آر ایس پی مستحق کاروباری اداروں کو پانچ لاکھ سے تین کروڑ روپے مالیت کی میچنگ گرانٹس فراہم کر رہا ہے جس کے تحت اب تک 83 کاروباری افراد مستفیذ ہو چکے ہیں جن میں ان اضلاع کی 10 خواتین بھی شامل ہیں یہ گرانٹس سرمایہ کاری، جدت اور توسیع کو بھرپور فروغ دینے کے لیے ہیں، تاکہ مقامی کاروبار کو بڑھانے کے لیے مناسب مالی وسائل موجود کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اس پراجیکٹ میں خواتین کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جارہی ہے تاکہ وہ مردوں کے شانہ بشانہ ترقی کے عمل میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

ان کاروباری اداروں کی مالی معاونت کے ساتھ ساتھ بی آر ایس پی ان کی صلاحیت بڑھانے میں بھی سرگرم عمل ہے ان میں زراعت کی جدید سہولیات کا استعمال، کاروباری نظم و نسق، مقامی اور بین الاقوامی مارکیٹ کے ساتھ رابطہ کاری پر مشتمل تربیتی پروگرام شامل ہیں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ضروری مہارتوں اور علم سے آراستہ کر کے، بی آر ایس پی کا مقصد ایک مضبوط اور پائیدار کاروباری ماحول کو فروغ دینا ہے۔ گرانٹس اور تربیت کے علاوہ، بی آر ایس پی چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو مالیاتی اداروں اور بینکوں سے رابطے قائم کرنے میں معاونت بھی فراہم کر رہا ہے تاکہ یہ قرضوں اور مالی خدمات تک رسائی کی حاصل کر سکیں یہ روابط چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو وسعت دینے، لائیو اسٹاک اور زراعت کے شعبے میں نئی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کرنے، اور مارکیٹ میں مسابقت کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے ضروری وسائل حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

گراسپ پراجیکٹ بلوچستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار میں ترقی کے ذریعے ایک روشن اور خوشحال مستقبل کے راستے کو ہموار کر رہا ہے صوبے کو درپیش مختلف چیلنجز کا مقابلہ کر کے اور اس کے باشندوں کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے میں بی آر ایس پی کے یہ اقدامات پائیدار اور جامع ترقی کو فروغ دے رہے ہیں جس سے لوگوں بالخصوص خواتین کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

ہر سال دنیا بھر میں 27 جون کو چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا عالمی دن منایا جاتا ہے اس دن کے موقع پر یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہم اس سلسلے میں خاص طور پر بلوچستان جیسے پسماندہ علاقوں میں کی جانے والی کوششوں کا بھرپور طریقے سے اعتراف اور اعادہ کریں اور سرکاری اداروں، بی آر ایس پی، پی پی اے ایف اور دیگر کا ساتھ دیں جو ہمارے صوبے کے اقتصادی منظرنامے کو تبدیل کر سکتے ہیں اور قومی ترقی میں حصہ ڈال کر صوبے کے لیے ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنا سکتے ہیں۔


Scanned with CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 36

# نواں کلی یا مسائلستان؟ عوام کی امیدیں نو منتخب نمائندوں سے وابستہ

کہنے کو تو پورے بلوچستان میں غربت و پسماندگی نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں اور کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں مسائل کی بہتات ہے



تاہم باقی اضلاع کی نسبت کوئٹہ پھر بھی صوبائی دارالحکومت اور مرکزی شہر ہونے کے ناطے کسی حد تک کم مسائل کا حامل ہے مگر کوئٹہ میں بھی صورتحال تسلی بخش نہیں شہر کے چند ایک وسطی علاقوں اور ریڈ زون کو چھوڑ کر پورے شہر میں صفائی ستھرائی اور دیگر شہری مسائل موجود ہیں مگر ایک علاقہ ایسا

**تحریر: بشیر احمد قریشی**

ہے جو مسائلستان بنا ہوا ہے۔ اس مسائلستان کا نام نواں کلی ہے۔ شہر کے مضافات میں نئی آبادی کی مناسبت سے اس کا نام نواں کلی رکھا گیا تھا جس پر آبادی کا دباؤ مسلسل بڑھتا گیا حتیٰ کہ آج اس کی آبادی دس سے بارہ لاکھ تک جا پہنچی ہے لیکن اتنی وسیع آبادی کو اکیسویں صدی کے اس جدید دور میں بھی جدید شہری سہولیات میسر نہیں۔ ماضی میں اس علاقے سے منتخب عوامی نمائندگان نے نواں کلی کے مسائل پر کوئی توجہ نہیں دی اور نہ کوئی قابل ذکر کردار ادا کیا۔ نواں کلی میں سڑکیں جگہ جگہ سے ٹوٹی ہوئی ہیں، بائی پاس منصوبہ مکمل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا، دوپہر اور شام کے اوقات میں کئی کئی گھنٹوں تک ٹریفک جام معمول بن گیا ہے،، گیس پریشر میں کمی اور بجلی کی طویل وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ہو یا پھر تعلیم، صحت، آبنوشی اور نکاسی آب کے مسائل اہلیان نواں کلی کا کوئی پرسان حال نہیں۔ پورے علاقے میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے گیس، پانی، بجلی، سیوریج سسٹم، سڑکیں، ہسپتال، سکول، کالج، یونیورسٹی، میٹرنٹی ہوم کوئی بھی سہولت دستیاب نہیں۔ نواں کلی کے مشرق میں ہنہ اوڑک اور ہنہ جھیل، شمال میں کوئٹہ کینٹ، مغرب میں ایئر پورٹ روڈ اور جنوب میں سرہ غوڑگئی کا علاقہ ہے شروع شروع میں یہ علاقہ بالکل خشکابہ، جنگل و صحرا کا منظر پیش کر رہا تھا آہستہ آہستہ آبادی بڑھنے کے ساتھ ساتھ یہ علاقہ گنجان آباد علاقہ کی شکل اختیار کر گیا۔ اس حلقہ سے ایک ایک ایم پی اے الیکشن جیت کر رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہو جاتا ہے۔ الیکشن سے قبل بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں لیکن منتخب ہونے کے بعد علاقہ کا رخ نہیں کرتے علاقہ کے باسیوں کو بہت سارے مسائل کا سامنا ہے جن میں کرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتیں باعث تشویش ہیں بڑھتی ہوئی آبادی اور امن وامان کے پیش نظر نواں کلی میں ایک سے زائد تھانے قائم ہونے چاہئیں۔ لیکن اتنی وسیع اور گنجان آبادی کے لئے الگ سے کوئی پولیس تھانہ ہے اور نہ ہی کوئی ٹریفک پلان گنجان آبادی میں بھی ٹریفک کے دباؤ کا مسائل بھی درپیش ہے۔ جس سے ٹریفک مسائل جنم لے رہے ہیں۔ منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہو جاتا ہے۔ علاقے میں دن بدن بدامنی، چوری ڈکیتی، راہزنی کی وارداتیں رونما ہوتی ہیں۔ جس سے کئی لوگ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ چوری ڈکیتی پر قابو پانے کے لئے کوئی اقدام نہیں اٹھایا گیا ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کا نام و نشان نظر نہیں آ رہا ہے۔ وارداتیں کرنے والے آزادانہ طور پر گھومتے پھرتے اور لوگوں کو دن دیہاڑے لوٹتے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے جرائم پر قابو پانے کے لئے پولیس اسٹیشن کا قیام بہت ضروری ہے۔ علاقہ مکینوں کی بات کی جائے تو ہر چند کہ وہ ماضی کے نمائندوں سے بری طرح ناراض اور ان پر شدید غصہ ہیں مگر نو منتخب ایم این اے اور ایم پی اے سے ان کی بہت توقعات اور امیدیں ہیں۔ بالخصوص صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ جو اس علاقے سے ایم پی اے منتخب ہوئے وہ ایک فعال و متحرک شخصیت کے مالک عوامی نمائندے ہیں جن سے اب اہلیان نواں کلی کی امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں۔ علاقہ مکینوں نے مشرق کے توسط سے صوبائی حکومت اور علاقہ کے منتخب نمائندے سے اپیل کی ہے کہ نواں کلی کے چھوٹے بڑے مسائل کے حل کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گنجان آبادی والے میں ایک پولیس اسٹیشن کا قیام عمل میں لایا جائے۔ نواں کلی میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے سڑکوں، نالیوں سے محروم ہیں۔ صفائی ستھرائی کا نظام بھی خراب ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر اور نالیوں کا گندا پانی بہتا رہتا ہے۔ ماضی میں علاقے کے منتخب نمائندوں کو مسائل سے کئی بار آگاہ کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی اس وقت بھی پینے کے صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ پرائیویٹ ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں بڑھتی ہوئی آبادی اور مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے واٹر سپلائی اسکیم کی منظوری دیکر پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ لوگ سکھ کا سانس لے سکیں۔ گیس نہ ہونے کی وجہ سے امور خانہ داری سمیت سردیوں کی وجہ سے شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پریشر میں کمی کے باعث لوگ ہزاروں روپے صرف بل کی مد میں دے رہے ہیں انہیں گیس میسر نہیں حالانکہ گیس بلوچستان سے نکلنے کے باوجود یہاں کے باسی اس قدرتی نعمت سے محروم ہیں ملک کے کونے کونے میں سوئی گیس سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں اس پر پہلا حق یہاں کے باسیوں کا ہے بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت میں گیس نہ ہونا لمحہ فکریہ اور ناانصافیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ان دنوں تو علاقے میں دس دس بارہ بارہ گھنٹوں کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے نواں کلی کوئٹہ کا اہم علاقہ ہونے کے باوجود بجلی، گیس، تعلیم، صحت جیسے مسائل سے دوچار ہے۔ سکول، کالج، یونیورسٹی، صحت کے مراکز جیسے ادارے نہ ہونے کے برابر ہے علاقے میں پانچ ہائی سکول، دو کالجز، یونیورسٹی، لاء کالج، میڈیکل کالج جیسے اہم تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں لایا جائے۔ تاکہ طلباء و طالبات زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر ملک کا کارآمد شہری بن سکیں۔ علاقہ میں پرائیویٹ کلینکوں اور اتائی معالجوں کا بھرمار ہے لوگوں کی جانوں سے کھیل رہے ہیں اس کا نوٹس لیکر عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں یہ وہ بنیادی مسائل ہیں جن کے حل کے لئے اہلیان علاقہ نو منتخب عوامی نمائندوں سے امید لگائے بیٹھے ہیں صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے رکن اسمبلی بننے کے بعد نواں کلی کے بعض علاقوں میں صفائی ستھرائی کے انتظام کی بہتری کے لئے کام کیا اور فراہمی آب کے حوالے سے بھی اقدامات اٹھائے ہیں امید ہے کہ وہ نواں کلی کے رہائشیوں کے دیرینہ مسائل کا حل نکالیں گے اور اہلیان علاقہ کو مایوس نہیں کریں گے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7

Dated: 26 JUN 2024 Page No. 38

# Another child crippled by poliovirus

SYED ALI SHAH

QUETTA

An 18-month-old child has been crippled by the poliovirus in the Killa Abdullah district, marking it the fifth case reported in Balochistan this year, health officials confirmed on Tuesday

The new polio case highlights the urgent need to strengthen efforts in the ongoing fight against this debilitating disease.

In view of the alarming situation, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti held a meeting with a delegation led by Dr. Christopher Ilyas, Head of the Polio Oversight Board and President of the Global Development Division at the Bill & Melinda Gates Foundation. The meeting deliberated the strategies to bolster the anti-polio campaign in the region.

Chief Minister Bugti reaffirmed Balochistan's dedication to eradicating polio, stressing the significance of cooperation with international partners and national organizations. "We will work together to intensify efforts to make Balochistan polio-free. Full security is being ensured for the workers involved in the anti-polio campaign," he stated.

Dr. Ilyas and his delegation discussed the current measures in place to combat polio and commended the government's determination to eliminate the virus. They also addressed the challenges encountered during the immunization campaign, such as logistical issues and security threats.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7

Dated: 26 JUN 2024 Page No. 39

## Mandukhel for developing livestock

QUETTA. Governor Balochistan Jaffar Khan Mandukhel said that practical measures would be taken to develop agriculture and livestock sectors as agriculture was the backbone of the country's economy. He said that in the last two or three decades, due to drought, destructive rains, power load shedding and non-supply of specific agricultural package made Balochistan weak. It has no more capacity to bear the burden and if this weak backbone is not strengthened immediately, then the landowners of Balochistan may face many dangers and concerns, he said. He expressed these views while talking to the members of Balochistan Zamindar Action Committee (ZAC) at Governor House Quetta. On this occasion, Governor Mandukhel gave a special instruction that Quetta Electric Supply Company (QESCO) should instantly provide 6-hour electricity with full voltage to all agricultural feeders, otherwise, huge losses would be caused to the gardens, standing crops and vegetables. He said that the agriculture sector has a very important role in providing food to the people across the country and providing raw materials to the industrial sector. APP

## '16 UN bodies help improve life in Balochistan'

QUETTA. Balochistan Governor Jaffar Khan Mandukhel said sixteen different subsidiary organizations of the United Nations in Balochistan are providing support and guidance to the Balochistan government in various areas of life.

During a meeting with United Nations (UN) Resident and Humanitarian Coordinator Muhammad Yahya at the Governor's House, the governor said that it was misfortune that Balochistan was still economically and socially backward compared to other provinces of the country, due to the small but scattered population of the province, it was very difficult to provide all the basic facilities to the people. APP

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______

Dated: 27 JUN 2024 Page No.______



صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے چیف انجینئر
ایریگیشن حمید مینگل ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء سردار عبدالرحمن کھیتران، میر عاصم کرد گیلو، راحیلہ حمید درانی اور اراکین صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ملک نعیم بازئی، میر اسد اللہ بلوچ، مولای نور اللہ ودیگر بجٹ پر بحث کر رہے ہیں



صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، سردار عبدالرحمان کھیتران، بخت محمد کاکڑ، ظہور احمد بلیدی، پارلیمانی سیکرٹریز صمد گورگیج، میر برکت علی رند، حاجی ولی محمد نورزئی اور اراکین صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور میر رحمت صالح بلوچ اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، میر صادق عمرانی ملاقات کر رہے ہیں



پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، ایڈوائزر برائے لیبر بابا غلام رسول عمرانی، لیبر عوامی موومنٹ بلوچستان کے سربراہ رمضان اچکزئی، خان زمان، سے مذاکرات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی مالیاتی مسودہ قانون ایوان میں پیش کر رہے ہیں



صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے پارلیمانی سیکرٹری میر بلال غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی سے چیف انجینئر ایریگیشن حمید مینگل ملاقات کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 27 JUN 2024 Page No.________



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner